**26-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................اسلم بیگ

---

**Music**

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔ بہت سے سرکردہ امیدواروں نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔

2 BJP نے لوک سبھا انتخابات کیلئے امیدواروں کی ایک اور فہرست کا اعلان کیا ہے نیز اِس نے سکّم میں اسمبلی انتخابات اور بہت سی ریاستوں میں ضمنی انتخابات کیلئے ناموں کا اعلان کیا۔

3 CUET-UG-2024 کیلئے آن لائن درخواستیں جمع کرنے کے تاریخ کو 31 مارچ تک بڑھا دیا گیا ہے۔

4 پاکستان کے خیبر پختونخوا میں ایک خودکش حملے میں 5 چینی باشندوں سمیت 6 افراد ہلاک ہوگئے۔

5 امریکہ کے بالٹی مور میں ایک کنٹینر بردار بحری جہاز کے ٹکرانے کے بعد ایک پُل منہدم ہوگیا ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**ECI NOTIFICAITON FIRST PHASE**

انتخابی کمیشن نے گرمی کی لہر مدنظر تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ انتخابی افسران کو ایک ایڈوئزری جاری کی ہے۔ یہ ایڈوائزری آنے والے گرمی کے موسم کے دوران بھارتی محکمۂ موسمیات کی طرف سے معمول سے زیادہ درجۂ حرارت ہونے کی پیشگوئی کے بعد جاری کی گئی ہے۔ اس پیشگوئی کے مطابق اِس سال، خاص

طور پر مارچ سے جون کے دوران، گرمی کی لہر کا سخت اور طویل دور چل سکتا ہے۔ کمیشن نے گرمی کی لہر کے اثر کو کم سے کم کرنے سے متعلق قومی آفات کے انتظامیہ کی قومی اتھارٹی NDMA کی جانب سے جاری کردہ ''کریں'' اور ''نہ کریں'' ہدایت کی ایک کاپی شیئر کی ہے۔

ایک رپورٹ۔

V/C- Eng/Hin Suparna

## BJP LS CANDIDATES

BJP نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے مزید تین امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی نے، راجستھان میں کنہیا لال مینا کو، ڈوسا اور اِندو دیوی جاٹو کو، کرولی- دھولپور لوک سبھا سیٹ سے چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ Thounaojam بسنتا کمار سنگھ، اندرونی منی پور پارلیمانی حلقے سے BJP امیدوار ہوں گے۔

اِس سے پہلے آج پارٹی نے سکّم میں اسمبلی انتخابات کیلئے 9 امیدواروں پر مشتمل اپنی دوسری فہرست جاری کی تھی۔ پیا ونگزل Rinizing، گینگ ٹاک سے پارٹی امیدوار ہوں گے اور ارونا مُنگیر، ناچی- سنگھی تھنگ سیٹ سے چناؤ لڑیں گی۔

BJP نے گجرات، ہماچل پردیش، کرناٹک اور مغربی بنگال میں اسمبلی کے ضمنی انتخابات کیلئے بھی 14 امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ x

## UTTARAKHAND NOMINATION

اتراکھنڈ میں بھارتی جنتا پارٹی BJP اور کانگریس پارٹی کے امیدواروں نے، آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے باقاعدہ طور پر اپنے کاغذات نامزدگی داخل کر دیئے ہیں۔ BJP امیدوار Malarajya Laxmishah نے دہرہ دون کے ٹہری پارلیمانی حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ Laxmishah نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرنے سے پہلے دہرہ دون میں BJP لیڈر اور وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی اور دیگر پارٹی کارکنوں کی موجودگی میں ایک روڈ شو بھی کیا۔ اِسی دوران کانگریس لیڈر Jot Singh Gunsola نے بھی ٹہری لوک سبھا سیٹ کے لیے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ پوڑی ضلعے میں BJP کے انل Baluni گڑھوال سیٹ سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کر کے انتخابی میدان میں اترے ہیں۔

ہریدوار پارلیمانی سیٹ کے امیدوار BJP کے ترویندر سنگھ راوت نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ انہوں نے اپنی امیدواری کے لیے دستاویزات کے چار سیٹ داخل کیے ہیں۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔x

## ASSAM NOMINANATIONS

آسام میں گیارہ امیدواروں نے لوک سبھا کے پہلے مرحلے کیلئے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ بہت سے معروف امیدواروں نے، جنھوں نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں، اُن میں مرکزی وزیر اور BJP لیڈر سربانند سونووال نے ڈبرو گڑھ سے، کانگریس رکن پارلیمنٹ گورو گگوئی نے جورہاٹ سے، BJP رکن پارلیمنٹ پردھان بَروا نے لکھیم پور سے، آسوم جتیہ پریشد کے سربراہ اور سابق آل آسام اسٹوڈنٹس ASUU کے لیڈر Lurinjyoti Gogoi نے ڈبروگڑھ سے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ اِس مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔ x

## CONG RJD

لوک سبھا انتخابات کیلئے سیٹوں کی تقسیم کے سمجھوتے پر بہار میں عظیم اتحاد نے اختلافات کی رپورٹوں کے درمیان کانگریس اور RJD کے لیڈر، نئی دلّی میں میٹنگ کر رہے ہیں۔ کانگریس کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال اور مُکل وَاسنِک اور RJD لیڈر اور بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو میٹنگ میں موجود ہیں۔ ریاست میں اپوزیشن اتحاد کے اتحادیوں کو آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے سیٹوں کی تقسیم سے متعلق معاہدے کو ابھی حتمی شکل دینی ہے۔ x

## ECI BJP

آج BJP نے، مختلف ریاستوں میں ایک ہی طرح کی شکایتوں پر انتخابی افسران کی طرف سے کی جانے والی مختلف کارروائیوں کے بارے میں انتخابی کمیشن سے رجوع کیا ہے۔ پارٹی نے BJP کے لیڈر اور مرکزی وزیر Shobha Karandlaje کے خلاف اُن کے مبینہ قابل اعتراض بیانات پر کارروائی کرنے کی مانگ کی ہے۔ اُس نے کہا کہ اِسی طرح کے اُن بیانات پر بھی کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے جو تمل ناڈو کے لیڈر نے دیئے تھے۔ سینئر پارٹی لیڈر اشونی ویشنو اور BJP لیڈر ونود Tawde پر مشتمل پارٹی کے ایک وفد نے نئی دلی میں اِس معاملے پر کمیشن سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب Tawde نے کہا کہ انھوں نے شیو سینا UBT کے لیڈر سنجے راوت کے وزیراعظم نریندر مودی سے متعلق حالیہ مبینہ اہانت آمیز بیانات کو اجاگر کیا۔

انھوں نے کہا کہ انتخابی ادارے پر انھوں نے زور دیا کہ وہ اِس معاملے میں کارروائی کریں، کیونکہ انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آنے والی ہے اور اِس طرح کے بیانات کو روکنے کی ضرورت ہے۔x

## PM SANDESHKHALI

وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں Basirhat سے BJP کی امیدوار اور سندیش کھالی معاملے کی متاثرہ سے فون پر بات کی اور اُنہیں شکتی سوروپ کہا۔ جناب مودی نے اُن سے لوک سبھا انتخابات کے لیے تیاریوں کی مہم کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے سندیش کھالی معاملے میں خواتین کو درپیش مسائل کے بارے میں بتایا اور کہا کہ وہ وہاں لوگوں کی روزمرہ کی زندگی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سخت محنت کریں گی۔×

## BJP KERALA CM

آج BJP نے، بھارت ماتا کی جے اور جے ہند کے نعروں سے متعلق سینئر CPIM کے لیڈر اور کیرالہ کے وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan کے بیانات کی سخت سرزنش کی ہے۔ نئی دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان Sudhanshu Trivedi نے کہا کہ جناب Vijayan کا بیان کہ یہ نعرے پہلی مرتبہ ایک مخصوص کمیونٹی کے ذریعے لگائے گئے تھے، انتہائی شرمناک بیان ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اِسے کسی مخصوص کمیونٹی سے منسلک کرنا، بائیں بازو پارٹی کی تقسیم پر مبنی ذہنیت کو ظاہر کرتا ہے۔ کل Malappuram میں شہریت سے متعلق ترمیمی قانون کے خلاف ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، CPIM کے لیڈر نے کہا تھا کہ یہ دو نعرے، پہلی مرتبہ ایک خاص فرقے کے دو افراد کے ذریعے لگائے گئے تھے۔×

## CONG UNEMPLYMENT

آج کانگریس نے ملک میں بے روزگاری کے معاملے پر مرکزی حکومت سے سوال کیا ہے۔ نئی دلی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سندیپ دکشت نے الزام لگایا کہ ملک کے عوام زراعت کا پیشہ اپنا رہے ہیں کیونکہ BJP کے زیر قیادت حکومت کی اسکیمیں روزگار وضع کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ روزگار چھوڑ رہے ہیں اور زراعت کو اپنا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ Periodic Labour Force Survey افرادی قوت سے متعلق وقفے وقفے سے کرائے جانیو الے سروے کے مطابق 2018-19 تک تین کروڑ سے زیادہ افراد زراعت کا پیشہ اپنا چکے ہیں۔

جناب دکشت نے حکومت کے اس دعوے پر سوال اٹھایا کہ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔ ×

## SITHARAMAN ATAL PENSION YOJANA

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج کہا کہ اٹل پنشن یوجنا بہترین طور طریقوں پر مبنی ہے جس میں پریمئم کی ادائیگی خودبہ خود اُس وقت تک جاری رہتی ہے جب تک کہ سبسکرائبر اس اسکیم کو ترک نہ کر دے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں محترمہ سیتارمن نے کہا کہ یہ ایک واضح اور فائدے مند خصوصیت ہے جو سبسکرائبر کے بہترین مفاد میں ہے۔ وہ کانگریس لیڈر جے رام رمیش کے اِس الزام کا جواب دے رہی تھیں کہ اٹل پنشن یوجنا، ٹھیک ڈھنگ سے تیار نہیں کی گئی ہے اور ریٹرن کی رقم، بہت زیادہ اچھی نہیں ہے۔ وزیر خزانہ نے دعوی کیا کہ جناب رمیش کسی اچھی پنشن اسکیم کی تیاری کے بنیادی اصولوں سے لاعلم ہیں۔x

## SNOOPPING TELANGANA

تلنگانہ میں سیاحت کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے خصوصی انٹیلیجنس بیورو SIB کے حکام کو شامل کرتے ہوئے فون ٹیپنگ کے معاملے میں عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ حیدر آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ریڈی نے کہا کہ فون ٹیپنگ ایک سنگین معاملہ ہے کیونکہ اِس میں نہ صرف سیاستداں، افسر شاہی اور پولیس افسران بلکہ افراد بھی شامل ہوتے ہیں۔

جناب ریڈی نے الزام لگایا کہ SIB نے افراد کو بلیک میل کرنے کیلئے اور اُن سے رقمیں اینٹھنے کیلئے اُن کے فون ٹیپ کیے تھے۔ کانگریس کی حکمرانی والی ریاستی سرکار نے، سابقہ BRS حکومت کے دوران فون ٹیپنگ میں ملوث 3 پولیس افسران کو گرفتار کیا ہے۔ x

## UGC CUET

CUET-UG-2024 کے لیے آن لائن درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کر کے اِسے اس مہینے کی 31 تاریخ کر دیا گیا ہے۔ UGC کے چیئرمین جناب جگدیش کمار نے کہا کہ یہ فیصلہ، امیدواروں اور دیگر متعلقہ فریقین کی جانب سے درخواست موصول ہونے کے بعد کیا گیا ہے۔ CUET-UG-2024 کا امتحان 380 شہروں میں کرایا جا رہا ہے جن میں 26 شہر بھارت سے باہر ہیں۔x

## PM BELGIUM PM

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بیلجئم کے وزیراعظم Alexander De Croo سے بات چیت کی اور مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِن میں تجارت، سرمایہ کاری، صاف

ستھری ٹکنالوجی، سیمی کنڈکٹرز، ادویات، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن، IT ، دفاع، بندرگاہیں اور دیگر شعبے شامل ہیں۔ ٹیلی فون پر بات چیت میں وزیراعظم نریندر مودی نے بیلجیئم کے اپنے ہم منصب کو، برسلز میں پہلی نیوکلیائی توانائی سربراہ کانفرنس کی کامیاب میزبانی کرنے پر مبارکباد دی۔ ×

## JAISHANKAR PHILIPPINES

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ ''مشرق نواز پالیسی اور بھارت- بحر الکاہل کے طریقۂ کار'' کو، موجودہ دور کے مطابق اور زیادہ سازگار بنانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ جناب جے شنکر نے آج منیلا میں، فلپنز کے صدر Bongbong Marcos سے ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت- فلپنز کو نئے میدانوں تک توسیع دینے کیلئے جناب Marcos کی رہنمائی سے، دونوں جمہوریتوں کے درمیان اشتراک کو استحکام حاصل ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر، مَنیلا کے اپنے دورے میں، بھارتی ساحلی گارڈ کے جہاز Samudra پہریدار پر بھی گئے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات میں گہرائی پیدا ہوگی۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کی طویل اور امتیازی بحری روایات کے تمدنی اثرات، خطے میں آج بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ x

## SUCIDE ATTACK PAKISTAN

آج پاکستان کے خیبرپختونخوا کے علاقے Shangla میں ایک خودکش حملے میں پانچ چینی باشندے اور ایک پاکستانی شہری ہلاک ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق ایک خودکش بمبار نے آتش گیر مادے سے بھری ایک گاڑی کو ایک قافلے میں گھس کر اڑا دیا، جس میں چین کے انجینئر جا رہے تھے۔ یہ لوگ اسلام آباد سے Dasu کیمپ جا رہے تھے۔ صوبائی پولیس جائے واردات پر پہنچ گئی ہے اور بچاؤ کی کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔×

## BRIDGE BALTIMORE

امریکہ میں، فرانسس Scott Key پُل کا ایک بڑا حصہ منہدم ہوگیا ہے۔ آج بالتی مور میں اِس پُل کے نیچے ایک کنٹینر جہاز جا پھنسا تھا۔ بالتی مور شہر کے آگ بجھانے والے عملے نے اِس پُل کے انہدام کو ایک ایسا حادثہ قرار دیا ہے، جس میں بڑے پیمانے پر جانی نقصان ہوا ہے۔

بچاؤ کارکن تقریباً 20 افراد کی تلاش کر رہے ہیں۔ خیال ہے کہ اِس حادثے میں بہت سی گاڑیاں دریا میں گری ہیں۔ اِس جہاز میں پُل سے ٹکرانے کے بعد آگ لگ گئی تھی اور یہ دریا میں ڈوب گیا۔ x

## APCC - INDIAN CLIMATE

ایشیا بحرالکاہل اقتصادی اشتراک سے متعلق آب وہوا کے مرکز APCC نے پیشگوئی کی ہے کہ بھارت میں جولائی سے لے کر ستمبر تک کے عرصے میں نارمل سے زیادہ بارش ہوسکتی ہے۔ اِس عرصے میں ملک میں موسم برسات کی سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے۔ APCC نے اِس سال کیلئے بھارت کی بارش کی پیشگوئی کے بارے میں ایک اخباری بیان میں یہ جانکاری دی ہے۔ اِس ادارے نے El Nino اور La Nina کے حالات کی بنیاد پر یہ پیشگوئی کی ہے۔x